© rasailojaraid.com

مفتی اعظم سندھ شیخ الحدیث مولانا مفتی شمس الدینؒ

بقلم: مفتی عطاء الرحمٰن شمس

سردی مرقد سے بھی افسردہ ہوسکتا نہیں
خاک میں دب کر بھی اپنا سوز کھوسکتا نہیں

یہ خالق کائنات عزوجل کا قانون ہے کہ اس کائنات فانی میں صرف اسی کو بقا ہے، باقی سب کو ایک معین مدت تک اپنی ذمہ داری ادا کرنی ہے اور پھر دارلفنا سے دارالبقا کی طرف لوٹ جانا ہے

دَریں دنیا کسے گرزندہ بودے ابوالقاسم محمد زندہ بودے

جامع الشریعت، مخدوم العلماء واستاذ العلماء یادگار اسلاف سرزمین دیوبند کے باکمال و بافیض پختہ عالم باعمل، حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمتہ اللہ علیہ کے شاگرد خاص، مفتی اعظم سندھ، جامعہ عربیہ مفتاح العلوم حیدرآباد کے مہتمم، میرے والدگرامی، مشفق استاذ وشیخ الحدیث حضرت مولانا مفتی شمس الدین صاحب علیہ الرحمہ نے مورخہ ۱۹ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ بمطابق ۲۳ فروری ۲۰۱۱ء کو وفات پائی۔

ان کے یوم رحلت پر حیدرآباد شہر کے پورے ماحول پر غم والم کی چادر سی تنی ہوئی محسوس ہوتی تھی، ہر ایک کا چہرہ اداس تھا اور ہر ایک کی زبان پر ایک ہی بات تھی کہ دارلعلوم دیوبند کے پختہ عالم باعمل، باکمال، سادگی وتواضع کے پیکر کا آج انتقال ہوگیا کہ اب ان کے جیسا کوئی دوسرا نظر نہیں آتا۔

حضرت والدگرامی علیہ الرحمہ صفات وکمال وجمال کے مرقع تھے۔ للّٰہیت، تصنع وبناوٹ سے پاک پاکیزہ مزاج اور سادگی قرون اولیٰ کی مثال تھی، علم وفضل میں باکمال وبافیض، پختہ عالم باعمل، عظیم محقق، عظیم مدقق، عظیم مفتی اور دِلنشین انداز تدریس کے عظیم استاد۔ اسطرح کی ان گنت خوبیوں کا ان کی شخصیت کے اندر جمع ہونا اللہ تعالیٰ کا ایک خاص احسان تھا، حضرت مفتی صاحبؒ یقیناً ایک ایسی شخصیت تھے جنہیں دیکھ کر یا جن کی صحبت میں رہ کر انسان کے ایمان کو تقویت ملتی ہے اور انسان اپنے رب کریم عزوجل سے قریب تر ہوجاتا ہے۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ علم وفضل، لطف وشفقت، نظم وضبط، ہر کام کے حوالے سے سلیقہ مندی، ہمہ گیر ہنر مندی، بے مثال تدریسی صلاحیت اور فیض رسانی وافادیت کی بے نظیر قدرت کے ساتھ ساتھ پر وقار و بااعتبار شخصیت کے حامل تھے۔

وہ خلقۂ چست، پھرتیلے اور پر اعتماد شخصیت کے آدمی تھے، اپنا کام آپ کرنا ان کی عادت تھی، زندگی کے مثبت فیضان میں ہر ایک کو شریک رکھتے اور زیست کے منفی اثرات سے ہر ایک کو بچائے رکھتے۔ وہ نا صرف ہر کام کو اس کے وقت پر کرنے کے خوگر تھے بلکہ زندگی کے سارے چھوٹے بڑے کاموں کو خود انجام دینے کے بھی عادی تھے۔ والد صاحب کی شخصیت میں جو اعلیٰ انسانی صفات میں نے دیکھیں وہ ان کی حق گوئی، قناعت اور اکلِ حلال تھیں، ان میں انکسار غیر معمولی حد تک تھا، کبھی اپنے نام کے ساتھ مبالغہ آمیز القابات کو پسند نہیں کیا۔ وہ ایک جید عالم تھے اور اپنے دور کی دینی اور سیاسی تحریکوں کے اہم کردار تھے۔ برصغیر پاک و ہند کی عظیم دینی، علمی و سیاسی شخصیات سے تعلق وربط کے باوجود کبھی بھی اس کی بنیاد پر اپنے قد میں اضافہ کرنے کی کوشش نہیں کی۔

حضرت والد گرامی علیہ الرحمہ کی یادیں آج بھی دل ودماغ کو چراغاں کئے ہوئے ہیں کہ گردشِ ماہ وسال بھی اسے کبھی مدہم نہ کرسکیں گے۔ میر تقی میر نے کہا تھا

بارے دنیا میں رہو غم زدہ یا شاد رہو
ایسا کچھ کر کے چلو یاں کہ بہت یاد رہو

حضرت مفتی صاحب علیہ الرحمہ نے انتہائی شوق، لگن اور سخت محنت وجدوجہد سے علم دین حاصل کیا یہاں تک کہ آپ کا یہ شوق آپ کو دارالعلوم دیوبند تک لے گیا اور آپ نے شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید حسین احمد مدنی رحمہ اللہ کی صحبت وشرف شاگردی حاصل کی۔

حضرت والد گرامی اول تا آخر زمانہ تعلیم دارلعلوم دیوبند کے فیوض وبرکات احاطہ کرتے ہوئے نظر آتے ہیں ۔آپ کے پہلے استاذ حضرت مولانا عبدالرؤف ہزاروی رحمتہ اللہ علیہ تھے، وہ دارالعلوم دیوبند کے فاضل تھے۔ آپ علیہ الرحمہ نے فارسی اور فقہ کی تمام کتابیں (ہدایہ کے علاوہ) مولانا عبدالرؤف ہزارویؒ سے پڑھیں، اسی طرح آپ کے آخری دور کے بھی تمام اساتذہ کرام دارالعلوم دیوبند کے اکابر اساتذہ کرام تھے۔ صرف ونحو کی تعلیم مشہور عالم دین "انی والا بابا" کے ہاں انی میں پڑھیں۔ شیخ القرآن حضرت مولانا غلام اللہ خان رحمتہ اللہ علیہ، حضرت مولانا عبدالرحمٰن کیملپوریؒ اور شیخ الحدیث والتفسیر حضرت مولانا محمد یعقوب صاحب (واہ ضلع راولپنڈی) فاضل دارالعلوم عالیہ رام پور (انڈیا) جو کہ آپ کے خسر تھے کے ہاں و دیگر مدارس میں مختلف کتابیں پڑھیں۔ بعد ازاں دورہ حدیث شریف کے لئے دارالعلوم دیوبند تشریف لے گئے اور ۱۹۴۷ء میں صحاح ستہ کی تکمیل کے بعد دورہ حدیث کا امتحان پاس کیا۔

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

دارالعلوم دیوبند میں آپ کے اساتذہ کرام اکابر علماء کرام تھے جن میں شیخ العرب والعجم حضرت مولانا سید حسین احمد مدنیؒ، مولانا اعزاز علی دیوبندیؒ، حضرت مولانا قاری محمد طیب قاسمیؒ، حضرت مولانا فخر الحسن مرادآبادی، شیخ الحدیث حضرت مولانا عبدالحقؒ دارالعلوم حقانیہ اکوڑہ خٹک، مولانا عبدالخالق ملتانیؒ، حضرات شامل تھے۔

حضرت مفتی صاحبؒ تدریس کے فن میں امتیازی شہرت رکھنے والے مدرسین میں بھی کئی اعتبار سے ممتاز تھے۔ آپؒ نے تمام فنون کی کتابیں بہت محنت سے پڑھی تھیں، امتیازی نمبرات حاصل کرنا ان کا امتیاز رہا تھا۔ انہوں نے پڑھنے کے زمانے میں خدائے کریم عزوجل کی توفیق خاص سے اپنے آپ کو صرف پڑھنے میں لگا دیا تھا۔ حصول علم کے سارے دورانیے میں وہ ایک مثالی اور لائق تقلید طالب علم رہے۔ آپ علیہ الرحمہ کے فتاویٰ نہایت تحقیق وتدقیق کے حامل ہوا کرتے تھے۔ آپ مسندِ افتاء کی زینت تھے، وما ذلک علی اللہ بعزیز۔

حضرت والد گرامیؒ کی نصف صدی سے زائد عرصہ پر محیط دینی خدمات ان کی زندگی کا روشن اور تابناک باب ہے اور ان کے ہزاروں شاگردان کے لئے صدقہ جاریہ ہیں۔

عرض یہ ہے کہ حضرت مفتی صاحبؒ اپنی بہت سی خوبیوں اور صفات میں اپنے بزرگوں اور اساتذہ کی روایات کے امین تھے۔ یوں تو آپ کے ہزاروں شاگرد اندرون وبیرون ملک دینی خدمات میں مصروف ہیں۔ لیکن علم وعرفان کے میدان میں آپ کے ممتاز شاگردوں میں اُستاذ العلماء شیخ التفسیر والحدیث حضرت مولانا منظور احمد نعمانی صاحب ظاہر پیر، حضرت مولانا میاں مسعود احمد صاحب دین پوری، مولانا عبدالشکور دین پوری رحمہ اللہ، حضرت مولانا عبدالغفور حیدری صاحب، حضرت مولانا حافظ حسین احمد شرودی، حضرت مولانا عبدالقادر آزادؒ سابق خطیب بادشاہی مسجد لاہور، حضرت مولانا فداء الرحمٰن درخواستی، حضرت مولانا عبدالباقی آف بلوچستان، حضرت مولانا عبدالرشید خلیق صاحب آف لاہور جیسے جید اور بزرگ علماء کرام شامل ہیں، جب کہ وفاق المدارس العربیہ پاکستان کے صدر شیخ الحدیث حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب دامت برکاتہم اور مفتی اعظم پاکستان حضرت مولانا مفتی ولی حسن ٹونکی رحمۃ اللہ علیہ، جمعیت علماء اسلام سندھ کے سابق سیکریٹری جنرل شہید اسلام ڈاکٹر خالد محمود سومرو شہید کے والد گرامی متبحر جید عالم دین استاذ العلماء حضرت مولانا علی محمد حقانیؒ آپ کے ہم درس اور رفقاء میں سے تھے۔ یہ اس دور کا المیہ ہے کہ علمی شخصیات رفتہ رفتہ رخصت ہوتی جارہی ہیں اور جگہ لینے والے افراد خال خال ہیں۔

جان کر منجملہ خاصان میخانہ تجھے
مدتوں رویا کرینگے جام و پیمانہ تجھے

آپؒ کے ہاں کشف وکرامات، وجد واستغراق کو ہی تصوف کا درجہ حاصل نہیں تھا، آپؒ فرماتے تھے:..... ''تصوف کا حاصل ہے شریعت مطہرہ کا کامل اتباع، قلب وروح کا تزکیہ وتصفیہ، عبادات ومعاملات دونوں کا لحاظ کرتے ہوئے

© rasailojaraid.com

© rasailojaraid.com

اوران کا مقصد رضائے الٰہی عزوجل کا حصول تصوف کا حاصل ہے۔'' آپؒ کی ساری زندگی گفتار و کردار کے اعتبار سے سنت کے سانچے میں ڈھلی ہوئی تھی۔ لباس و پوشاک خورونوش، نشست و برخواست، سلام وکلام وغیرہ ہر کام میں شرعی آداب کو اس طرح ملحوظ خاطر رکھتے تھے جو ایک مفسر و محدث اور فقیہ کی شان کے لائق تھا۔

بالآخر علم وحکمت کے آفتاب و ماہتاب علوم نبوت نے مورخہ ۱۹ ربیع الاول ۱۴۳۲ھ بمطابق ۲۳ فروری ۲۰۱۱ء کو بروز بدھ داعی اجل کو لبیک کہا۔ وفات کے بعد آپ علیہ الرحمہ کے چہرہ انور سے خاص انوار نظر آئے، آپؒ علامہ اقبالؒ کے اس شعر کے مصداق بن گئے

نشان مرد مومن باتو گویم
چو مرگ آید تبسم برلب اوست

وقت جنازہ انبوہ کثیر تا حد نظر تھا، ہزاروں افراد نے جنازے میں شرکت کی، قطار در قطار لوگ صفیں باندھے کھڑے تھے، کراچی اور اندرون سندھ کے علاوہ اندرون ملک سے ہزاروں افراد جن میں جید علماء کرام، مفتیان عظام، مشائخ کرام، مختلف مدارس کے مہتممین، دینی مدارس کے طلباء، مذہبی، سیاسی وسماجی شخصیات شامل تھے نے شرکت کی۔ حیدرآباد کی تاریخ میں آپ کے جنازہ سے بڑھ کر کوئی جنازہ نہیں دیکھا گیا، سفید پوشاک اوڑھے جب قدسیان ارضی کے کندھوں پر آپؒ اپنا آخری سفر کررہے تھے اور ہزاروں عقیدت مند سسکیوں اور آہوں کے ساتھ ماہتاب علم نبوت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو الوداع الوداع کہہ رہے تھے.....

اللھم اغفرلہ و ارحمہ و اکرم نزلہ

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدہ عالم دوام ما

☆☆☆

© rasailojaraid.com